www.aiche.org/ccps

Process Safety Beacon

http://www.aiche.org/CCPS/Publications/Beacon/index.aspx
**Messages for Manufacturing Personnel**

*This issue sponsored by*

www.chilworth.com

# جلدی کا نام نقصان!!

ستمبر 2017

دسمبر 1994ء کو پورٹ نیل آیووا میں دھاکے کے مناظر





کیا کبھی ایسا ہوا ہے کہ آپ کو ردی کا کاغذ ٹوکری میں پھینکنا ہو لیکن چار قدم چلنے کی بجائے آپ نے اس کو دُور سے پھینکنا چاہا اور نشانہ چوک گیا؟ پھر آپ نے قریب جا کر اُسکو اُٹھایا اور حسب معمول پھینکا۔ اس سے کیا حاصل ہوا؟ دراصل، اس میں کاغذ اُٹھا کر ٹوکری میں ڈالنے کی اضافی محنت کرنا پڑی۔ کیا ہوتا اگر آپ واپس نہ جاتے؟ آپ کا یہ کام کسی اور کو کرنا پڑتا۔

بلکل یہی تصور پروسیس سیفٹی پر بھی لاگو ہوتا ہے۔ اگر آپ پہلی مرتبہ کام ٹھیک طریقے سے نہیں کریں گے تو وہ آپ کو دوبارہ کرنا پڑے گا۔ یا پھر آپ کا یہ کام کسی اور کو کرنا پڑے گا۔ بہر حال، پروسیس سیفٹی کے کچھ کام اتنے واضح نہیں ہوتے جیسے کہ زمین پر پڑا ہوا ردی کا کاغذ۔ پروسیس سیفٹی کی ذمہ داریوں، مثلاََ کسی آلے کا معائنہ یا معیاری طریقہ کار کی پیروی، کو پہلی ہی بار ٹھیک سے نہ کرنے سے آپ، آپ کے ساتھی ورکرز، کمیونٹی اور ماحول پر خطرناک نتائج مرتب ہوسکتے ہیں۔

## اس کی اہمیت کیا ہے؟

پلانٹ پر شارٹ کٹ لینا پروسیس سیفٹی کے حادثہ کا باعث بنتا ہے۔ مثلاً:

- محفوظ طریقہ کار کی پیروی میں ناکامی۔
- اصلاحی عمل کئے بغیر الارم کا بند کرنا۔
- پلانٹ کی کیفیت جاننے کے لئے اس کا راؤنڈ نہ لگانا۔
- پلانٹ پر کسی طریقہ کار کو بغیر کسی چیک لسٹ کے کرنا۔ بیشک آپ یہ کام سو دفعہ کر چکے ہوں، لیکن لوگ صرف 99 فیصد تک ہی دُرست ہوسکتے ہیں۔ اگر آپ درمیانی پیچیدگی کے طریقہ کار کے لئے چیک لسٹ کو استعمال نہیں کر رہے تو اس بات کے امکانات دس گنا زیادہ ہیں کہ آپ کوئی نقطہ بھول جائینگے۔

حالانکہ دیکھنے میں یہ چیزیں بہت معمولی ہیں، لیکن اس کے سنگین نتائج مرتب ہوسکتے ہیں۔ غیر موزوں، غلط یا ناقص طور پر استعمال کئے گئے طریقہ کار کئی حادثات کا باعث بن رہے ہیں جن میں کئی اموات اور حادثات کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ مثال کہ طور پر دسمبر 1994ء کو پورٹ نیل آیووا میں ایک فرٹیلائزر پلانٹ پر دھماکہ ہوا۔ 4 ہلاکتیں ہوئیں، 18 لوگ زخمی ہوئے، پلانٹ کا کافی حصہ تباہ ہوا اور کیمیکل کے پھیلاؤ سے ماحول پر سنگین اثرات مرتب ہوئے۔ امریکی ادارے ای۔پی۔اے کی تحقیقاتی ٹیم نے یہ نتیجہ اخذ کیا کہ دھماکے کی وجہ پلانٹ چلانے کے لکھے ہوئے طریقہ کار کا نہ ہونا تھا، جو پلانٹ پر ایسے حالات پیدا کرنے میں معاون ثابت ہوئے جو دھماکے کے وقوع پزیر ہونے کے لئے ضروری تھے۔

اُس کام کے بارے میں کیا خیال ہے جو کہ کرنا آسان نہیں؟؟ ہوسکتا ہے کہ کوئی ایسا آلہ ہو جس کی ریڈنگ لینے کے لئے بہت سی سیڑھیاں چڑھنی پڑتی ہوں، لیول کی تصدیق کے لئے کسی بند خانے کو کھولنا پڑتا ہو، یا کسی والو کی پوزیشن چیک کرنے کے لئے پلانٹ کے دور دراز حصہ میں جانا پڑتا ہے۔ اس کام کو اپنی مصرفیت کی وجہ سے چھوڑ دینے کی وضاحت کرنا بہت آسان ہو گا یہ سوچتے ہوئے کہ اگلی بار کوئی اور اس کو دیکھ لے گا جیسے کہ زمین پر پڑے ردی کے کاغذ کی مثال۔ لیکن اگر سب کا رویہّ ایسا ہی ہو تو کام کبھی نہیں ہوپائے گا۔

## آپ کیا کر سکتے ہیں؟

١ ہر کام کو لکھے ہوئے طریقے کے مطابق کریں۔ اگر لکھا ہوا طریقہ نا مکمل یا غلط ہو تو اپنے سوپروائزر کو اطلاع دیں۔ وہ کام کو سہی اور محفوظ طریقے سے سرانجام دینا چاہتے ہیں۔

٢ جب بھی پلانٹ کے معائنے کے لئے دورہ کرنا ہو تو جتنا بھی وقت درکار ہو، لگائیں، مگر باریکی سے اور اچھی طرح سے معائنہ کریں۔

٣ اگر معائنے کے دوران کچھ جگھوں تک رسائی مشکل ہو، کچھ آلات خراب ہوں، نا معلوم مائع ٹپک رہا ہو، کوئی اجیٹیٹر ہل رہا ہو، کسی پمپ سے غیر معمولی شور آرہا ہو یا کوئی بھی ایسی چیز جو آپ کو دُرست نہ لگے تو اُسے راؤنڈ شیٹ پر درج کر لیں اور اپنے سپروائزر کو مطلع کریں۔ اگر مسئلے کا پتا ہی نہ ہو تو اُسے حل کیسے کیا جا سکتا ہے۔

**اگر آپ پہلی بار کسی کام کو ٹھیک سے کرنے کے لئے وقت نہیں نکال سکتے، تو اسکو دوبارہ کرنے کے لئے وقت کیسے نکال پائیں گے؟؟؟**

©AIChE 2017. All rights reserved. Reproduction for non-commercial, educational purposes is encouraged. However, reproduction for any commercial purpose without express written consent of AIChE is strictly prohibited. Contact us at ccps_beacon@aiche.org or 646-495-1371.

The Beacon is usually available in Afrikaans, Arabic, Catalan, Chinese, Czech, Danish, Dutch, English, Filipino, French, German, Greek, Gujarati, Hebrew, Hindi, Hungarian, Indonesian, Italian, Japanese, Korean, Malay, Marathi, Mongolian, Persian (Farsi), Polish, Portuguese, Romanian, Russian, Spanish, Swedish, Telugu, Thai, Turkish, Urdu, and Vietnamese.
Translated into Urdu by Humza Nasir and Saffi Ud Din, Fatima Fertilizer Company Limited, Pakistan.